PDF Compressor Free Version

# تربیتی نِصاب
## حصّہ چہارم

برائے مکاتِب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

۱ قرآن کریم کا نصاب ۲ ایمانیات و عبادات ۳ احادیث و مسنون دعائیں

۴ سیرت و اخلاق و آداب ۵ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب



مکتب تعلیم القرآن الکریم

جمع و ترتیب

علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

زیرِ سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم

صدر دارالعلوم کراچی

دُعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ چہارم کا خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | حفظ سورۃ | سُوْرَةُ الَّيْلِ تا سُوْرَةُ الْعَلَقِ (پانچ سورتیں) |
| | ناظرہ | بارہ پارے (مکمل) لَا يُحِبُّ اللّٰهُ تا اِقْتَرَبَ |
| ایمانیات | کلمے۔ اسمائے حسنیٰ | دہرائی ۔ سیدالاستغفار ۔ اسمائے حسنیٰ مکمل۔ |
| | عقائد | قیامت کی نشانیاں اور حالات ۔ تقدیر۔ |
| عبادات | طہارت و نماز | غسل کا بیان ۔ تیمم کا بیان ۔ نماز کے مکروہات ۔ نماز کے مفسدات ۔ نماز کے اوقات<br>نماز کے مکروہ اوقات ۔ بیمار کی نماز ۔ مسافر کی نماز ۔ قضا نماز۔ |
| احادیث و مسنون دعائیں | آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ | گزشتہ کی دہرائی۔ ● اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے ڈرو۔ ● پاکی کی اہمیت۔<br>● چوری کرنے کا نقصان۔ ● سچائی کا فائدہ۔ ● جھوٹ کا نقصان۔<br>● بہترین عمل۔ ● پڑوسی کو تکلیف دینے کا نقصان۔ ● چھینا جھپٹی کا نقصان۔ |
| | (۸) مسنون دعائیں | گزشتہ کی دہرائی۔ ● جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھیں۔ ● جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں۔<br>● خوشی کے موقع پر یہ کہیں۔ ● ناگواری کے موقع پر یہ کہیں۔ ● اچھے اخلاق کی دعا۔<br>● بیمار کی عیادت کی دعا۔ ● مصیبت زدہ کو دیکھ دل میں یہ دعا پڑھیں۔ ● مجلس سے اٹھنے کی دعا۔ |
| سیرت و اخلاق و آداب | سیرت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ | غزوۂ بدر ۔ غزوۂ احد ۔ غزوۂ خندق ۔ صلح حدیبیہ ۔ فتح مکہ ۔ حجۃ الوداع ۔<br>نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں۔<br>آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزے ۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اسلام ۔ خلافت اور وفات۔ |
| | اخلاق و آداب | دعا کے آداب ۔ زبان کی حفاظت ۔ بات کرنے کے آداب ۔ ملاقات کے آداب ۔ سچ۔<br>جھوٹ ۔ تواضع اور عاجزی ۔ تکبر اور غرور۔ |
| زبان | عربی | عربی میں اسی (۸۰) تک گنتی ۔ درس گاہ ۔ پیشے ۔ اچھی اور بری عادتیں ۔ موسم۔ |
| | اردو | حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قصہ۔<br>سوال و جواب کی صورت میں اسلامی معلومات۔ |
| بیان | بیان و دعا | دو بیان اور چار قرآنی دعائیں۔ |

PDF Compressor Free Version



# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| کلمات تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 6 |
| دعائیہ کلمات (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مقدمہ | 10 |
| نظام الاوقات | 12 |
| حمد | 13 |
| نعت | 14 |
| ناظرہ قرآن کریم کا نصاب | 15 |
| حفظ سورۃ کا نصاب | 17 |
| **ایمانیات** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 19 |
| سید الاستغفار | 22 |
| اسمائے حسنیٰ | 23 |
| قیامت کی نشانیاں اور حالات | 26 |
| تقدیر | 27 |
| **عبادات** | |
| غسل کا بیان | 28 |
| تیمم کا بیان | 28 |
| نماز کے مکروہات | 30 |
| نماز کے مفسدات | 31 |
| نماز کے اوقات | 32 |
| نماز کے مکروہ اوقات | 33 |
| بیمار کی نماز | 34 |
| مسافر کی نماز | 34 |
| قضا نماز | 35 |
| **احادیث** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 36 |
| اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے ڈرو | 43 |
| پاکی کی اہمیت | 43 |
| چوری کرنے کا نقصان | 44 |
| سچائی کا فائدہ | 44 |
| جھوٹ کا نقصان | 45 |
| بہترین عمل | 45 |
| پڑوسی کو تکلیف دینے کا نقصان | 46 |
| چھینا جھپٹی کا نقصان | 46 |
| **مسنون اذکار و دعائیں** | |
| گزشتہ اسباق کی دہرائی | 47 |
| جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھیں | 58 |
| جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں | 58 |
| خوشی کے موقع پر یہ کہیں | 59 |
| ناگواری کے موقع پر یہ کہیں | 59 |
| اچھے اخلاق کی دعا | 59 |
| بیمار کی عیادت کی دعا | 60 |
| مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل میں یہ دعا مانگیں | 60 |
| مجلس سے اٹھنے کی دعا | 60 |
| **سیرت** | |
| غزوۂ بدر | 61 |
| غزوۂ احد | 61 |
| غزوۂ خندق | 62 |

# فہرست


| | |
|---|---|
| صلح حدیبیہ | 63 |
| فتح مکہ | 64 |
| حجۃ الوداع | 65 |
| نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات | 65 |
| آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں | 66 |
| آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزے | 67 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 68 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسلام | 69 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت اور وفات | 70 |
| **اخلاق وآداب** | |
| دعا کے آداب | 71 |
| زبان کی حفاظت | 72 |
| بات کرنے کے آداب | 72 |
| ملاقات کے آداب | 74 |
| سچ | 75 |
| جھوٹ | 76 |
| تواضع وعاجزی | 77 |
| تکبر اور غرور | 78 |
| **عربی زبان** | |
| اَلْاَعْدَادُ (گنتی) | 79 |
| اَلْفَصْلُ (درس گاہ) | 81 |
| خصائل ورذائل (اچھی اور بری عادتیں) | 82 |
| اَلْمِهَنُ (پیشے) | 83 |
| اَلْفُصُوْلُ (موسم) | 83 |
| **اردو زبان** | |
| حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام | 84 |
| حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کی دعوت پر قوم کا دعوت قبول نہ کرنا۔ | 84 |
| حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی | 85 |
| طوفان کا عذاب | 86 |
| قوم ثمود اور ان کی بت پرستی | 87 |
| حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام | 87 |
| اللہ کی اونٹنی | 88 |
| دردناک عذاب | 89 |
| سوال وجواب کی صورت میں اسلامی معلومات | 90 |
| **بیان ودعا** | 94 |
| اعمال چارٹ | 97 |
| پہلے مہینے کے سوالات | 115 |
| دوسرے مہینے کے سوالات | 115 |
| تیسرے مہینے کے سوالات | 116 |
| چوتھے مہینے کے سوالات | 116 |
| پانچویں مہینے کے سوالات | 116 |
| چھٹے مہینے کے سوالات | 117 |
| ساتویں مہینے کے سوالات | 117 |
| آٹھویں مہینے کے سوالات | 117 |
| نویں مہینے کے سوالات | 118 |
| دسویں مہینے کے سوالات | 118 |
| حوالہ جات | 119 |
| نماز کی ڈائری | 122 |
| رمضان چارٹ | 127 |
| ماہانہ حاضری اور فیس چارٹ | 128 |

PDF Compressor Free Version



# تقریظ

## حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مَدَّظِلُّهُ الْعَالِي

صدر جامعہ دار العلوم کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ...... اَمَّا بَعْدُ!

''مکتب تعلیم القرآن الکریم'' کی طرف سے شائع کیے گئے ''تربیتی نصاب (حصہ چہارم)'' کا تفصیلی مطالعہ تو نہ ہو سکا، لیکن متفرق مقامات دیکھنے سے ہی بہت خوشی ہوئی، بچوں کی تربیت کے لیے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بہت مفید ہوگا۔ اگر مکاتب قرآنیہ میں اس کتاب کو داخل نصاب کر دیا جائے تو یہ ان کم عمر بچوں کے لیے بہت بڑا تحفہ ہوگا اور اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ان کی کردار سازی میں معاون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب سے ہماری نئی نسل کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے اور اس کے مرتب کرنے والے حضرات کی مخلصانہ خدمت قبول فرما کر اجرِ عظیم سے نوازے اور مکاتبِ قرآنیہ کے اساتذہ و منتظمین کو توفیق دے کہ اسے بچوں کی تربیت کے لیے استعمال کریں۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ

محمد رفیع عثمانی

PDF Compressor Free Version



# نظام الاوقات

1. نصاب میں شامل مضامین میں سے ناظرہ قرآن کریم تجوید کے ساتھ روزانہ پڑھائیں، بقیہ چار مضامین کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن **ایمانیات وعبادات** اور **احادیث ومسنون دعائیں** اور دوسرے دن **سیرت واخلاق وآداب**، **عربی** اور **اردو زبان** کا مضمون پڑھائیں۔

2. مضامین کو پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

| پہلے دن پڑھایا جائے | اوقات |
|---|---|
| افتتاحی اجتماع (حمد) | ۵/منٹ |
| ناظرہ قرآن کریم | ۵۵/منٹ |
| حفظ سورہ | ۵/منٹ |
| ایمانیات وعبادات | ۱۰/منٹ |
| احادیث ومسنون دعائیں | ۱۰/منٹ |

| دوسرے دن پڑھایا جائے | اوقات |
|---|---|
| افتتاحی اجتماعی (نعت) | ۵/منٹ |
| ناظرہ قرآن کریم | ۵۵/منٹ |
| حفظ سورہ | ۵/منٹ |
| سیرت واخلاق وآداب | ۱۰/منٹ |
| زبان (عربی اور اردو) | ۱۰/منٹ |

**نوٹ:** بقیہ وقت میں ① نماز کی ڈائری دیکھیں ② آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات کریں ③ گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

نیز مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی اور اضافے کی گنجائش ہے۔

PDF Compressor Free Version



# ایمانِ مُجمَل

📖 ''اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ۔''[۵]

☆ ترجمہ: ''میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور خوبیوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے۔''

# اِیمانِ مُفَصَّل

📖 ''اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ[۶] مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔''[۷]

☆ ترجمہ: ''میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس بات پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔''

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سبق: ● | پہلے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# سبق:۱۰ بیمار کی نماز

📖 نماز دین کا ستون ہے، بیماری میں بھی نماز پڑھنا ضروری ہے۔ بیماری کی حالت میں بھی نماز معاف نہیں ہوتی۔ البتہ اس میں کچھ آسانی ضرور ہوجاتی ہے۔

☆ بیماری کی وجہ سے کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہے۔[۱]

☆ جو شخص تھوڑی دیر کھڑا ہوسکتا ہو تو اس کے لیے اتنی دیر کھڑا ہونا ضروری ہے، چاہے وہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہنے کی مقدار ہی کیوں نہ ہو۔

☆ بیماری کی وجہ سے رکوع سجدہ کرنے کی طاقت نہ ہو تو رکوع اور سجدہ اشارہ سے کریں، البتہ سجدہ کے اشارے میں سر کو زیادہ جھکائیں۔[۲]

☆ بیماری میں بیٹھ کر بھی نماز پڑھنے کی طاقت نہ ہو تو لیٹے لیٹے ہی نماز پڑھ لیں۔

☆ لیٹ کر نماز پڑھنے کی بہتر صورت یہ ہے کہ سیدھا لیٹیں اور پاؤں قبلہ کی طرف کرلیں اور سر کے نیچے تکیہ وغیرہ رکھ کر سر تھوڑا اونچا کرلیں اور سر کے اشارہ سے رکوع سجدہ کریں۔[۳]

## مسافر کی نماز

📖 **مسافر:** جب کوئی ۴۸ میل (تقریباً ۷۸ کلومیٹر) سفر کا ارادہ کرکے اپنی بستی یا شہر سے نکلے تو وہ شرعاً "مسافر" بن جائے گا۔ چاہے یہ سفر گھنٹوں میں طے ہوجائے یا منٹوں میں۔

📖 مسافر کے لیے ظہر، عصر اور عشا کی فرض نمازوں میں قصر کرنا واجب ہے یعنی ظہر، عصر اور عشا کی فرض کی چار رکعتوں کی جگہ دو رکعتیں پڑھیں۔ فجر، مغرب اور وتر کی نمازیں پوری پڑھی جائیں گی۔

📖 جب مسافر اپنی بستی یا اپنے شہر کی حدود (ٹول پلازہ وغیرہ) سے باہر نکل جائے تو وہاں سے قصر شروع کرے گا، گھر سے نکلتے ہی قصر شروع نہ کرے۔[۱]

PDF Compressor Free Version



۳۱

## پڑوسی کو تکلیف دینے کا نقصان

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا يَأْمَنُ جَارُهٗ بَوَآئِقَهٗ۔" (۳۲)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے شر وفساد (یعنی تکلیف سے) سے اُس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔"

۳۲

## چھینا جھپٹی کا نقصان

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"مَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔" (۳۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو کوئی چیز چھین کرلے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں ہے۔"

| سبق: | پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

## سبق: ۱۰

۳۴

### بیمار کی عیادت کی دعا

"لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔"(۴۱)

☆ ترجمہ: "کوئی حرج نہیں، اگر اللہ نے چاہا یہ بیماری تمہارے گناہوں کو ختم کردے گی۔"

۳۵

### مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل میں یہ دعا مانگیں

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔"(۴۲)

☆ ترجمہ: "سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس حال سے بچایا جس میں تمہیں مبتلا کیا اور اس نے اپنی بہت سی مخلوق پر مجھے فضیلت دی۔"

۳۶

### مجلس سے اٹھنے کی دعا

"سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔"(۴۳)

☆ ترجمہ: "اے اللہ! میں تیری پاکی بیان کرتا ہوں اور تیری تعریف کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔"

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۱۰ | دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# سیرت

📖 **سیرت:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات کو "سیرت" کہتے ہیں۔

## سبق:۱ غزوۂ بدر

📖 **بدر:** بدر ایک جگہ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تقریباً ۱۵۵ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

☆ مسلمانوں کی ہجرت کے دوسرے سال مکہ کے کافروں سے ایک بڑی جنگ ہوئی جسے "غزوۂ بدر" کہتے ہیں۔

📖 غزوۂ بدر میں مسلمان صرف تین سو تیرہ تھے، جب کہ مکہ کے کافروں کی تعداد ایک ہزار کے قریب تھی اور ان کے پاس ہر قسم کے ہتھیار اور ہر طرح کا جنگی ساز و سامان موجود تھا۔

☆ اللہ تعالیٰ کی مدد سے مسلمانوں کو فتح ہوئی اور کافر ہار گئے، اس لڑائی میں ستر کافر مارے گئے، جن میں ابوجہل اور عتبہ جیسے بڑے بڑے کافروں کے سردار بھی شامل تھے۔

## غزوۂ احد

📖 **اُحد:** اُحد مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے، جو مسجد نبوی سے تقریباً ساڑھے پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ غزوۂ احد شوال ۳ ھ میں ہوا۔

☆ غزوۂ احد کی لڑائی بہت ہی سخت تھی، لڑائی شروع ہونے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پہاڑی پر جہاں سے کفار کے حملے کا خطرہ تھا پچاس تیر اندازوں کو مقرر کیا اور یہ ارشاد فرمایا:

"جب تک میں نہ کہوں اس جگہ سے نہ ہٹنا۔"

☆ شروع میں مسلمانوں کو فتح ہونے لگی اور کافر میدانِ جنگ سے بھاگنے لگے۔

PDF Compressor Free Version



# آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں

- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی گیارہ بیویاں تھیں، انہیں "ازواج مطہّرات" کہتے ہیں۔
- یہ سب امت کی مائیں ہیں، اسی لیے انہیں اُمَّھَاتُ الْمُؤْمِنِیْن (مؤمنین کی مائیں) کہا جاتا ہے۔
- ان کے نام یہ ہیں:

1. حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
2. حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا
3. حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
4. حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
5. حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
6. حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
7. حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
8. حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
9. حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
10. حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
11. حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ● | تیسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# سبق:۸ ملاقات کے آداب

☆ ایسے وقت میں ملاقات کے لیے جائیں جو مناسب ہو اور جس سے ملاقات کرنی ہے وہ اس وقت میں ملاقات پر آمادہ ہو۔

☆ کھانے، پینے، سونے اور آرام کے وقت نہ جائیں۔

☆ جب کسی سے ملنے جائیں تو صاف ستھرے کپڑے پہن کر جائیں، میلے کچیلے کپڑوں میں نہ جائیں۔

☆ کسی کے ہاں جاتے وقت کبھی کبھی تحفہ بھی ساتھ لے کر جائیں۔

📖 کسی کے گھر جائیں تو دروازے پر اجازت لیں اور اجازت ملنے پر اندر جائیں اور اگر تین بار اجازت لینے کے بعد بھی جواب نہ ملے تو واپس لوٹ آئیں۔

📖 ملاقات میں سب سے پہلے سلام اور مصافحہ کریں۔

📖 ملاقات کے وقت مسکرا کر ملیں۔

📖 نئی جگہ جائیں تو پہلے اپنا تعارف کرائیں۔

☆ جس سے ملاقات کے لیے جائیں اس کی چیزوں کو بغیر اجازت استعمال نہ کریں۔

📖 جو شخص آپ سے ملنے آئے تو آپ اس سے نرمی، خوش اخلاقی، تہذیب اور ادب سے پیش آئیں۔

☆ کسی کے پاس جائیں تو کام کی بات کریں۔ بے کار باتیں کر کے اس کا اور اپنا وقت ضائع نہ کریں۔

☆ آپ کسی کے یہاں اپنی ضرورت سے جائیں تو اچھے انداز میں اپنی ضرورت بیان کریں۔ ضرورت پوری ہو جائے تو شکریہ ادا کریں اور پوری نہ ہونے کی صورت میں بُرا نہ منائیں۔

☆ جب کوئی ضرورت مند آپ سے ملنے آئے تو جہاں تک ممکن ہو اس کی ضرورت پوری کریں، ضرورت پوری نہ کر سکیں تو نرمی سے منع کر دیں۔

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۴ خصائل - اچھی عادتیں
# رذائل - بری عادتیں

| خصائل | اچھی عادتیں |
|---|---|
| صَادِقٌ | سچا |
| اَمِيْنٌ | امانت دار |
| نَشِيْطٌ | چست |
| شُجَاعٌ | بہادر |
| كَرِيْمٌ | سخی |
| صَالِحٌ | نیک |
| سَعِيْدٌ | خوش قسمت |

| رذائل | بری عادتیں |
|---|---|
| كَاذِبٌ | جھوٹا |
| خَائِنٌ | خیانت کرنے والا |
| كَسْلَانٌ | سست |
| جَبَانٌ | بزدل |
| بَخِيْلٌ | کنجوس |
| عَاصٍ | گناہ گار |
| شَقِيٌّ | بدنصیب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ● | چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# اردو زبان

📖 **اردو:** پاکستان کی قومی زبان کو "اردو" کہتے ہیں۔

## سبق ۶: حضرت نوح عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ

☆ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انتقال کے بعد لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان پانچ بتوں

① وَدّ ② سُوَاعْ ③ يَغُوْثْ ④ يَعُوْقْ ⑤ نَسْرْ

کی عبادت کرنے لگے اور کافر ہو گئے۔

☆ اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے حضرت نوح علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا۔

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی اور کہا:

☆ اللہ تعالیٰ نے مجھے رسول بنا کر بھیجا ہے، تم صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔

☆ یہ سن کر کافروں نے کہا:

"تم تو ہماری طرح انسان ہو، رسول نہیں ہو سکتے، تم جھوٹ بول رہے ہو۔"

## حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت پر قوم کا دعوت قبول نہ کرنا

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے بہت کوشش کی کہ سب ایمان لے آئیں، اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں، بتوں کی عبادت چھوڑ دیں لیکن چند غریب لوگوں کے علاوہ کوئی ایمان نہ لایا۔

☆ مالداروں نے کہا: "تم ان غریبوں کو نکال دو تو ہم تمہاری بات مانیں گے۔"

☆ حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا:

"میں ایسا نہیں کر سکتا، میں تمہیں ایک اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور برے انجام سے ڈراتا ہوں۔"

☆ جب حضرت نوح علیہ السلام بات کرتے تو لوگ اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیتے تھے۔

PDF Compressor Free Version



## جنوری

| تاریخ | ف<br>فجر | ظ<br>ظہر | ع<br>عصر | م<br>مغرب | عش<br>عشاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| 13 | | | | | |
| 14 | | | | | |
| 15 | | | | | |
| 16 | | | | | |
| 17 | | | | | |
| 18 | | | | | |
| 19 | | | | | |
| 20 | | | | | |
| 21 | | | | | |
| 22 | | | | | |
| 23 | | | | | |
| 24 | | | | | |
| 25 | | | | | |
| 26 | | | | | |
| 27 | | | | | |
| 28 | | | | | |
| 29 | | | | | |
| 30 | | | | | |
| 31 | | | | | |

| دستخط معلم/معلمہ | دستخط سرپرست |
|---|---|
| | |

## فروری

| تاریخ | ف<br>فجر | ظ<br>ظہر | ع<br>عصر | م<br>مغرب | عش<br>عشاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| 13 | | | | | |
| 14 | | | | | |
| 15 | | | | | |
| 16 | | | | | |
| 17 | | | | | |
| 18 | | | | | |
| 19 | | | | | |
| 20 | | | | | |
| 21 | | | | | |
| 22 | | | | | |
| 23 | | | | | |
| 24 | | | | | |
| 25 | | | | | |
| 26 | | | | | |
| 27 | | | | | |
| 28 | | | | | |
| 29 | | | | | |

| دستخط معلم/معلمہ | دستخط سرپرست |
|---|---|
| | |

## مارچ

| تاریخ | ف<br>فجر | ظ<br>ظہر | ع<br>عصر | م<br>مغرب | عش<br>عشاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| 13 | | | | | |
| 14 | | | | | |
| 15 | | | | | |
| 16 | | | | | |
| 17 | | | | | |
| 18 | | | | | |
| 19 | | | | | |
| 20 | | | | | |
| 21 | | | | | |
| 22 | | | | | |
| 23 | | | | | |
| 24 | | | | | |
| 25 | | | | | |
| 26 | | | | | |
| 27 | | | | | |
| 28 | | | | | |
| 29 | | | | | |
| 30 | | | | | |
| 31 | | | | | |

| دستخط معلم/معلمہ | دستخط سرپرست |
|---|---|
| | |

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عم پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ



تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



**تربیتی نصاب حصہ چہارم برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)**

**قیمت =/130 روپے**